روزنامہ
الفضل
خطبہ نمبر ۵
ربوہ
رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴
فون: ۴۴۹
ایڈیٹر: نسیم سیفی
جلد ۷۴/۳۹ | بدھ ۲۳ جمادی الثانی ۱۴۰۹ھ، یکم تبلیغ ۱۳۶۸ھش، یکم فروری ۱۹۸۹ء | نمبر ۲۸

Digitized By Khilafat Library Rabwah

نور اللہ کو بجھانے والے

منہ کی پھونکیں کیا ہوتی ہیں؟ یہی کسی نے ٹھگ کہہ دیا کسی نے دوکاندار اور کافر و بے دین کہہ دیا۔ غرض یہ لوگ ایسی باتوں سے چاہتے ہیں کہ اللہ تعالےٰ کے نور کو بجھا دیں مگر وہ کامیاب نہیں ہو سکتے۔ (ملفوظات جلد دوم صفحہ ۱۸۶)

خطبہ جمعہ

اپنے گھروں میں اعلےٰ اخلاق رائج کریں

والدین کے اعلیٰ اخلاق ہی اولاد کے اعلیٰ اخلاق کی ضمانت ہیں

شادیوں کے موقع پر جہیز کا مطالبہ کرنے والے خدا کے نزدیک احمدی نہیں کہلا سکتے

فرمودہ سیدنا حضرت مرزا طاہر احمد صاحب امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالےٰ

بمقام بیت الفضل لندن بتاریخ ۲۵ مارچ ۱۹۸۸ء

جھوٹ ہر گناہ کی جڑ ہے

"گزشتہ خطبہ جمعہ میں میں نے جھوٹ سے متعلق بہت زیادہ پرہیز کی ہدایت کی تھی اور جماعت کو نصیحت کی تھی کہ اپنے ارد گرد جھوٹ کے خلاف ایک (جدوجہد۔ ناقل) شروع کریں جس کا آغاز گھروں سے ہونا چاہیئے کیونکہ بالعموم تمام بد عادتیں گھروں میں پرورش پاتی ہیں اور وہاں سے نکل کر پھر گلیوں اور شہروں میں بدمناظر پیدا کرتی ہیں۔ جھوٹ تو ہر بیماری کی جڑ ہے ہر فساد کی جڑ ہے۔ ہر قسم کے گناہوں کا آغاز جھوٹ سے ہوتا ہے اور پھر ان گناہوں کا انجام بھی جھوٹ پر ہوتا ہے۔ دنیا میں دو قسم کے ایسے دائرے ہیں جو جہاں سے شروع ہوتے ہیں وہیں جا کر ختم ہوتے ہیں۔ نیکی کا دائرہ خدا سے شروع ہوتا ہے۔ سچائی سے شروع ہوتا ہے اور پھر سچائی ہی پر جا کر انجام پاتا ہے (ہم اللہ ہی کے ہیں اور اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ ناقل) کا ایک یہ بھی مطلب ہے کہ وہ شخص جس کا آغاز سفر خدا سے شروع ہوگا وہ بالآخر خدا تک ہی پہنچے گا اور اس کی ساری زندگی خدا کی طرف حرکت کرنے کی ایک مثال ہوگی گویا اس کا ہر قدم جو اسے آگے کی طرف لے جا رہا ہے وہ انجام کار اسی منبع تک پہنچ جائے گا جس منبع سے اس کے سفر کا آغاز ہوا تھا۔ اسی طرح بدیوں کا حال ہے جس شخص کی زندگی کے سفر کا آغاز جھوٹ سے ہو۔ اس کا انجام لازماً جھوٹ پر ہوگا۔ چنانچہ قرآن کریم نے پہلے مضمون کو کھول کر بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ تقویٰ کی راہیں اگر تم نے تلاش کرنی ہیں تو سفر تقویٰ سے شروع کرنا ہوگا اور (اللہ تعالیٰ۔ ناقل) جو تقویٰ کا سبق دیتا ہے اس سے تمہیں کوئی ہدایت نہیں مل سکتی جب تک تمہارا پہلا قدم تقویٰ پر نہ ہو چنانچہ فرمایا ..... یہ ہدایت دینے والی کتاب ہے لیکن متقیوں کے لیے اور سارے اسباق اس کتاب میں تقویٰ پر ہی مبنی ہیں تقویٰ ہی کے درس دینے والی کتاب ہے تو جس مقام سے آغاز ہوا ہے۔ وہی دراصل آئندہ زندگی کی راہیں متعین کرنے والا مقام ہوا کرتا ہے۔ (اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہوتا ہے۔ ناقل) میں بھی حضرت اقدس محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی عظیم حکمت کا راز ہمیں سمجھایا کہ نیت کے وقت آغازِ سفر کے وقت تم اپنے انجام کو خود ہی طے کر لیتے ہو اور بظاہر تم کسی سمت میں حرکت کرو وہ پہلا قدم جو اٹھا ہے اس نے تمہاری آخری سمت متعین کر دی ہے۔ اس سے تم ہٹ نہیں سکتے اس لئے جھوٹ سے سفر کا آغاز کرنے والے کبھی بھی سچائی کی طرف نہیں پہنچتے۔ ان کی زندگی میں جھوٹ کا اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے۔ اور دوسری قسم کی بدیاں جو جھوٹ سے پیدا ہونے والی بدیاں ہیں جھوٹ ہی کے مختلف نام ہیں۔ ان میں اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے اور بالآخر وہ خدا تعالیٰ سے دور ہوتا چلا جاتا ہے۔ خدا کا نام حق رکھا گیا ہے جس کا مطلب ہے وہ مجسم سچائی ہے۔ اگرچہ حق کا مطلب سچائی ہے اور سچ بولنے والا نہیں لیکن خدا تعالیٰ حق ہے ان معنوں میں کہ ہر سچائی اسی سے پھوٹتی ہے۔ تمام سچائیوں کا سرچشمہ ہے چنانچہ جھوٹ کو معمولی برائی سمجھنا ایک بہت بڑی غلطی ہے۔ جھوٹ کے نتیجہ میں جو برائیاں پیدا ہوتی ہیں اس کی تفصیل میں یہاں جانے کا وقت نہیں اس سے پہلے

Digitized By Khilafat Library Rabwah

بھی میں بعض خطبات میں اس مضمون پر روشنی ڈال چکا ہوں۔

اخلاقِ حسنہ کا تذکرہ

اب میں اخلاقِ حسنہ کے متعلق کچھ کہنا چاہتا ہوں اخلاقِ حسنہ انسانی زندگی کو سنوارنے کیلئے اور معاشرے کو سنوارنے کیلئے بہت ہی ضروری ہے امر واقعہ یہ ہے کہ جو شخص اخلاقِ حسنہ سے مزین نہ ہو وہ کبھی بھی خدا کو نہیں پاسکتا جس طرح سچائی اور جھوٹ کے درمیان ایک بُعد ہے۔ اُسی طرح بد خلقی اور خدا کے درمیان ایک بُعد ہے۔ کیونکہ خدا تعالیٰ کو صفات حسنہ بھی قرار دیا جاسکتا ہے ..... (اللہ تعالیٰ۔ ناقل) نے یہ راز ہمیں بتایا ہے اس کے نام حسین ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ جس خلق میں بھی انسان خدا سے ہٹے گا۔ اسی کا نام بد خلقی ہے اور بد خلقی اور حُسنِ خلق اکٹھے نہیں ہوسکتے اور خدا کا ایک نام بھی ایسا نہیں جو بد خلقی کی تعلیم دینے والا ہو۔ پس جس جس جگہ پر انسان حُسنِ خلق سے الگ ہوتا ہے۔ کسی قسم کی بد خلقی اپنے اندر پیدا کرتا ہے۔ اسے یہ حقیقت خوب سمجھ لینی چاہیئے کہ اس حصہ میں اس نے خدا سے اپنا تعلق توڑ لیا۔

باخدا بننے سے پہلے بااخلاق بننا ضروری ہے

اس لیے حضرت (بانیٔ سلسلہ۔ ناقل) نے تقویٰ کے بعد اخلاقِ حسنہ پر بے انتہا زور دیا اور بار بار جماعت کو نصیحت فرمائی کہ باخدا انسان بننے سے پہلے بااخلاق بننا ضروری ہے چنانچہ حضرت اقدس رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات میں سے ایک بہت ہی عظیم معجزہ آپ نے یہ بیان فرمایا کہ جانوروں کو انسان بنایا اور انسانوں کو بااخلاق بنایا اور بااخلاق انسان کو باخدا انسان بنا دیا پس وہ لوگ جو بد خلقی میں بہت زیادہ آگے بڑھ جاتے ہیں ان کو بہائم قرار دیا۔ ان کے متعلق قرآن کریم فرماتا ہے کہ وہ آسمان کے نیچے بدترین مخلوق ہیں، جانوروں سے مشابہہ ہیں۔ بلکہ وہ جانوروں سے بھی بدتر ہیں اس لئے حضرت (بانی سلسلہ ناقل) نے جہاں یہ فرمایا کہ جانوروں کو پہلے انسان بنایا۔ اس سے مراد عرب نہیں بلکہ دنیا بھر میں اس وقت بد خلقی کا ایسا دور دورہ تھا کہ بظاہر انسان نظر آنے والے وجود بھی انسان نہیں رہے تھے بلکہ انسان کے مقام سے گر کر بہیمیت کے مقام میں داخل ہو چکے تھے۔ ایسے وقت میں حضرت اقدس محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو انسان بنایا ہر خلق کے متعلق اگر آپ غور کریں تو کسی خلق کے متعلق یہ نہیں کہا جاسکتا کہ ان کا ایک آخری کنارہ ہے اس طرح بدیوں کے متعلق بھی یہ نہیں کہا جاسکتا کہ ان کا ایک آخری کنارہ ہے۔

بدیاں شروع ہوتی ہیں ہلکی حالت میں اور بسا اوقات انسان ان بدیوں کے باوجود بھی انسان کہلانے کا مستحق ہوتا ہے پھر وہ بڑھتی رہتی ہیں ان میں شرارت کا عنصر زیادہ پیدا ہوجاتا ہے، فساد کا عنصر زیادہ پیدا ہوجاتا ہے اور پھر ہر بدی بڑھتے بڑھتے ایک جانور کی بدی کے مشابہہ ہوجاتی ہے۔ اس مضمون پر آپ غور کریں تو آج دنیا میں جتنی بدیاں رائج ہیں۔ ان سب کا رخ بہیمیت کی طرف نظر آتا ہے بعض ملکوں میں بہیمیت کے مقام تک پہنچ چکی ہیں اب انسان کو خدا تعالیٰ نے محبت کرنے والا وجود بنایا ہے۔ انسان کو خدا تعالیٰ نے زوجیت کے ساتھ منسلک ہونے کی تعلیم دی ہے۔ اس کی فطرت میں اس بات کو داخل کیا ہے اور اس کے نتیجے میں قرآن کریم فرماتا ہے اسے سکینت بخشی ہے لیکن جن قوموں نے اس مضمون کو بھلا کر اسے محض تعیش کا ذریعہ بنا لیا وہ آگے بڑھتے بڑھتے ایسے مقام تک پہنچ گئیں کہ ان کا عورت اور مرد کا سلوک جانوروں کے سلوک کے مشابہہ ہوا بلکہ بعض صورتوں میں اس سے بھی زیادہ گندہ ہوگیا۔ یعنی ہر جانور کے طور اور طریق ایک جیسے نہیں ہوتے۔ بعض جانور بعض طور طریق میں اتنے ادنیٰ حالت کو پہنچے ہوئے ہوتے ہیں کہ وہ جانوروں میں اس کیفیت میں بھی ایک مثال بن جاتے ہیں۔ سؤر ہے مثلاً اس میں بعض بدیاں یا اس کے متعلق تو بدی نہیں کہا جاسکتا۔ کیونکہ وہ جانور مکلف نہیں ہے، لیکن بعض اس کی عادات اور خصائل ایسی ہیں جو اس نوع کے تعلقات میں تمام دوسرے جانوروں سے آگے بڑھی ہوئی ہیں مثلاً بعض جانوروں میں حیا ہے اور بعض جانوروں میں تو اتنی حیا ہے کہ شاذ کے طور پر انسان میں اتنی دکھائی دیگی لیکن بعض جانور ایسے ہیں جن میں بے حیائی بہت زیادہ ہے۔ سؤر اس کی ایک مثال ہے۔ بعض پرندے ایسے ہیں جو اپنے تعلقات میں اتنی شرم محسوس کرتے ہیں کہ جب بھی سائنسدانوں نے ان کے متعلق ان کو اس خاص حالت میں دیکھنے کی کوشش کی تو بڑی محنت ہوشیاری اور حکمت سے کام لینا پڑا۔ جن جانوروں کو آپ معمولی ادنیٰ ادنیٰ جانور سمجھتے ہیں۔ ان میں بھی بعض کے اندر خدا تعالیٰ نے اخلاق کے جوہر بڑی بلند حالت میں رکھے ہوتے ہیں۔ انکے نقطہ نگاہ سے آپ انہیں فطرت کہہ سکتے ہیں اخلاق نہیں کہہ سکتے لیکن انسان کیلئے سبق ضرور ہیں۔ لومڑی کے متعلق عام دنیا کا انسان یہ سوچ بھی نہیں سکتا کہ ان میں بھی انسان کیلئے کوئی سبق ہوگا۔ لیکن لومڑ کے جنسی تعلقات معلوم کرنے کے لئے سائنسدانوں کو بے انتہا جان جوکھوں سے کام لینا پڑا اتنی محنت کرنی پڑی کہ عام حالات میں ممکن ہی نہیں تھا۔ چنانچہ ایسے کیمروں سے کام لینا پڑا جو اندھیرے میں دیکھتے ہیں۔ ان کیمروں کو ان جگہوں پر فکس کرنے کے لئے جہاں اُن کا خیال تھا کہ لومڑی کے جنسی تعلقات ہوسکتے ہیں۔ ان کو بہت زیادہ محنت کرنی پڑی کیونکہ وہ اتنا زیادہ ہوشیار جانور ہے کہ اسے اگر شک ہو جائے کہ کوئی غیر وجود ان کے اندرونی معاملات کو دیکھنے کے لئے موجود ہے۔ تو وہ اس جگہ کو چھوڑ دے گا اور کبھی بھی اپنی بے پردگی نہیں ہونے دے گا۔ چنانچہ اس کے لئے بہت ہی زیادہ حیرت انگیز احتیاطوں سے کام لئے اور بالآخر وہ فلم تیار کی جس سے پتہ چلتا ہے کہ لومڑ کے اندرونی حالات۔ اندرونی زندگی اور نجی زندگی کیا چیز ہے۔ تو عام انسان جس کو سمجھتا ہے کہ اس جانور میں کوئی بھی خوبی نہیں وہ انسان کو حیا کا سبق دینے والا جانور ہے۔

ایڈز — بے حیائی بڑھنے پر قانونِ قدرت کی سزا

تو اس قسم کے تعلقات میں جب بے حیائی بڑھی تو بڑھتے بڑھتے اس مقام تک پہنچ گئی کہ جہاں قانون قدرت نے ان قوموں کو سزا دینے کا فیصلہ کیا۔ چنانچہ حضرت اقدس محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو چودہ سو سال پہلے یہ خبر دی گئی کہ وہ قومیں جو جنسی تعلقات میں بے راہ رو ہوجاتی ہیں اور پھر بے حیا ہو جاتی ہیں اور بے حیائی میں ایسے مقام کو پہنچ جاتی ہیں کہ وہ خود اپنی بے حیائی کو منظرِ عام پر لاکر فخر محسوس کرتی ہیں اور دنیا کو دکھاتی ہیں کہ ہم کتنے بے حیا ہیں ایسی قوموں کے لئے خدا نے ایک سزا مقرر فرمائی ہے کہ ان کے گلے کے بعض غدود پھولیں گے گٹھلیاں بنیں گی اور اس کے نتیجے میں ایسی بیماریاں پیدا ہوں گی جسے طاعون سے مشابہہ قرار دیا گیا ہے اور وہ کثرت کے ساتھ بیماری نازل ہوگی ظاہر ہوگی۔ اور ان قوموں کو سزا دے گی۔ اس زمانے میں کسی ایسی بیماری کا کوئی علم نہیں تھا۔ وہم گمان میں بھی نہیں تھا کہ ایسی بیماری اور اس قسم کی حالت قوموں پر طاری ہوسکتی ہے اور پھر اس کی سزا کے طور پر خدا یہ حربہ استعمال فرمائے گا۔ لیکن حضرت (بانی سلسلہ ناقل) کو اللہ تعالیٰ نے اس بیماری کی خبر دی اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے بتایا کہ آئندہ ایک اور قسم کا طاعون بھی ظاہر ہونے والا ہے۔ وہ طاعون اکثر عیسائی ممالک میں پھیلے گا اور بڑی وضاحت کے ساتھ جو نقشہ کھینچا ہے وہ ایڈز (AIDS) بیماری کا نقشہ ہے تو اب یہ جو حالت ہے یہ جانوروں کی حالت تک پہنچ کر اُس کے آگے بڑھنے والا مقام ہے۔ یہ ہی میں آپ کو مثال دے رہا ہوں کہ ہر بدی ایک مقام پر کھڑی نہیں ہوا کرتی اور نہ ہر نیکی ایک مقام پر کھڑا ہوا کرتی ہے۔ یہ ایک لامتناہی سلسلہ ہے اور ایک دائرہ ہے جس پر سفر کرتی رہتی ہے۔ اور دائروں میں کوئی آخری مقام نہیں ہوا کرتا ہے جہاں بھی انجام ہوگا وہی بد انجام ہے اور وہ ہی آخری انجام ہے۔ تو جن قوموں کے سفر بد اخلاقیوں سے شروع ہوتے ہیں۔ وہ بد اخلاقیوں کی انتہا تک پہنچ کر رہتے ہیں پھر اور زیادہ آگے قدم بڑھتے رہتے ہیں۔ یہاں تک کہ جیسا میں نے بیان کیا وہ بہیمیت کے مقام تک پہنچ جاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ان کی مثال سؤروں اور بندروں جیسی ہوتی ہے پس چھوٹے چھوٹے بد خلقی کے افعال اگر سرزد ہوں تو انہیں معمولی جرم نہیں سمجھنا چاہیئے اور یہ خیال دل سے نکال دینا چاہیئے کہ چھوٹی چھوٹی بد خلقی کی باتیں ہیں ان سے کیا فرق پڑتا ہے۔

کیونکہ ہر بد خلقی ایک اپنے منتہا تک جاری ہونے والی چیز ہے۔ متحرک چیز ہے آج آپ اس میں آگے بڑھ کر کسی انتہائی ذلیل مقام تک نہ بھی پہنچیں تو آپکی اولاد اس برائی کو وہیں سے پکڑے گی جہاں آپ نے چھوڑا تھا۔ اور اس کو لے کر آگے بڑھے گی۔ پھر وہ نسل ختم ہوگی تو اگلی نسل اس بدی کو پکڑے گی اور وہیں سے آگے بڑھائے گی یہاں تک کہ جیسے (ہم اللہ کے ہی ہیں اور اللہ ہی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ ناقل) میں تمام نیکیاں اپنے منتہا تک پہنچ جاتی ہیں۔ اُسی طرح یہ تمام بدیاں بھی اپنے منتہا تک پہنچا کرتی ہیں اور پھر قوموں کی ہلاکت کے وقت آجاتے

Digitized By Khilafat Library Rabwah

ہیں ۔ اس لئے جماعت احمدیہ جس کا سفر بہت لمبا ہے ۔ اسے ان معاملات پر سنجیدگی سے غور کرنا چاہیئے وہ قومیں جنہوں نے ایک ہی نسل میں ترقی کرنی ہے اور اپنے مقصد کو حاصل کر لینا ہے ۔ ان کی حالت اور ہوا کرتی ہے اور وہ قومیں جس نے نسلاً بعد نسلاً صدیوں میں جا کر اپنے مقصد کو حاصل کرنا ہے، جس کی خاطر وہ قائم کی گئی ہیں ۔ اُن کے لئے ایسے لمبے سفر والے آداب اختیار کرنے ضروری ہوا کرتے ہیں ۔ ایسے اطوار اختیار کرنے ضروری ہوتے ہیں جو لمبا عرصہ ان کا ساتھ دیں ۔ پس جماعت احمدیہ کے لئے اعلیٰ خلق پر زور دینا بے انتہا ضروری ہے ۔ اگر اعلیٰ اخلاق کی جماعت احمدیہ نے اس نسل میں حفاظت نہیں کی تو اگلی نسل کی بھی کوئی ضمانت نہیں دی جا سکتی ہے ۔

اعلیٰ اخلاق تیزی سے روبہ زوال ہیں

خصوصیت سے جو خطرہ مجھے نظر آ رہا ہے کہ ماحول چونکہ بہت ہی زیادہ تیزی سے گندہ ہو رہا ہے ، صرف انگلستان یا جرمنی یا جاپان یا چین یا امریکہ کی بات نہیں ہے ۔ ہمارے اُن ملکوں میں جنہیں آپ مشرقی ممالک کہتے ہیں ۔ ایسے ممالک جن کے متعلق کہا جاتا ہے کہ پرانی قدریں ان میں زندہ ہیں تلاش کر کے دیکھیں آپ کو وہاں پرانی قدروں کے قبرستان تو دکھائی دیں گے لیکن پرانی قدریں زندہ صورتوں میں شہروں میں بستی اور چلتی پھرتی دکھائی نہیں دیں گی ۔ اس تیزی سے اعلیٰ اخلاق پر موت وارد ہو رہی ہے جیسے وبا پھیل گئی ہو جو قوموں کو ہلاک کرتی چلی جا رہی ہو ۔ ایسی صورت میں جماعت احمدیہ پر اس کے اثرات کا ہونا ایک لازمی چیز ہے ۔ بعض لوگ امریکہ میں مجھ سے کہتے تھے کہ ہم کہاں جائیں یہاں کے حالات بہت خراب ہیں ہم اپنی نسلوں کی حفاظت کیسے کریں ۔ بعض لوگ یورپ میں مجھ سے سوال کرتے ہیں کہ ہم کہاں جائیں کیوں نہ اپنے ملکوں کو واپس چلے جائیں ۔ اُن کو میں مختلف رنگ میں سمجھاتا نصیحت کرتا رہتا ہوں اور یہ بھی بات بتانے کی کوشش کرتا ہوں کہ کس ملک میں آپ جائیں گے جس کو آپ دس سال پہلے چھوڑ کر آئے تھے ۔ اس کی اب وہ حالت نہیں رہی جو آپ سمجھ رہے ہیں کہ ایسی ہوگی ۔ بہت سا پانی پلوں کے نیچے سے گذر چکا ہے اور کیفیات میں ساری دنیا میں عظیم تبدیلیاں واقع ہو گئی ہیں ۔ اگر آپ بدیوں کے مقابلے سے بھاگیں گے تو آپ کو بالآخر پناہ گاہ کوئی دکھائی نہیں دے گی ۔ کوئی جگہ نہیں ہے جہاں آپ کی حفاظت ہو سکے ۔ جہاں آپ سمجھیں کہ آپ محفوظ قلعہ میں آ گئے ہیں ۔ بدیوں سے مقابلہ ہی طریق ہے زندہ رہنے کا اور اس کا نام جہاد ہے ۔ اس لئے میں بار بار لفظ جہاد استعمال کرتا ہوں یہ (خدائی ۔ ناقل) تعلیم کے مطابق ہے (اللہ تعالےٰ ۔ ناقل) نے بدیوں سے بچنے کے لئے جہاد کا مضمون ہمارے سامنے رکھا ہے اور یہ ہی روح جہاد ہے ۔ اس لئے جس ملک میں آپ ہیں اگر آپ کے پاؤں وہاں سے اکھڑ گئے تو پھر کبھی کسی اور ملک میں آپ کے پاؤں نہیں جمیں گے ۔ بھاگنے والا پھر بھاگتا چلا جاتا ہے، اور وہ نہیں تو اس کی اگلی نسلیں مغلوب ہوتی چلی جاتی ہیں ۔ اس لئے جہاں کہیں بھی کوئی احمدی ہے اسے بدیوں کے خلاف جہاد کرنا پڑے گا اور یہ جہاد گھر سے شروع ہونا چاہیئے ۔ اور جیسا کہ میں نے بیان کیا ہے ۔ اعلیٰ اخلاق کے ذریعے آپ بداخلاقی سے بچنے کی کوشش کریں ۔ (اللہ تعالےٰ ۔ ناقل) نے یہی مضمون ہمارے سامنے رکھا ہے (بدی کو نیکی کے ذریعے دور کرنے کی کوشش کرو ۔ ناقل)

بدیوں سے جہاد کا مطلب یہ نہیں کہ آپ نے چھرا گھونپ دیا کسی بدی کے سینے میں ۔ بدی کے جہاد کا حقیقی معنی یہ ہے کہ آپ اپنے خلاؤں کو پُر کریں اور ان کو نیکیوں سے بھر دیں ۔ جہاں نیکی داخل ہو جائے وہاں بدی نہیں آ سکتی ۔ جہاں خلا ہے وہاں بدی نے ضرور داخل ہونا ہے اور بغیر نیکی کو اپنائے آپ کسی بدی کا مقابلہ نہیں کر سکتے ۔ اور اسی لئے جب میں حسن خلق کہتا ہوں تو میری یہی مراد ہے کہ اپنے خلاؤں کو پورا کریں اپنے عادات کو مزین کریں ۔ حسین بننے کی کوشش کریں اس کے بغیر نہ آپ بدیوں کا مقابلہ کر سکتے ہیں نہ آپ اس عظیم مقصد کو حاصل کر سکتے ہیں جس کے لئے آپ کو پیدا کیا گیا ہے ۔ یعنی تمام دنیا کی آپ نے اصلاح کرنی ہے ۔ اتنا بڑا کام ہو اور گھروں میں بدخلقی کی باتیں ہوتی ہوں ۔ یہ ایک ایسا تضاد ہے جسے خدا تعالیٰ کی تقدیر معاف نہیں کیا کرتی ہے ۔ چھوٹی چھوٹی باتیں ہیں جنہیں گھروں میں نظر انداز کیا جاتا ہے ۔ سب سے پہلے خاوند کا بیوی سے سلوک ہے جو خاوند بیوی سے اخلاق نہیں برت سکتا اس نے دنیا کو کیا اخلاق سکھانے ہیں ۔ جو ماں اپنے خاوند کے حقوق کی حفاظت نہیں کر سکتی اُس سے حسن معاملگی نہیں کرتی اس نے دنیا کو کیا اخلاق سکھانے ہیں ۔ ایسا ماحول جس میں خاوند بیوی کے ساتھ بدتمیزی اختیار کر رہا ہے ۔ بدکلامی اختیار کر رہا ہے بدخلقی اختیار کر رہا ہے ۔ بیوی اس کے خلاف شور کر رہی ہے اور باغیانہ رویہ اختیار کرتی ہے اور اگر وہ زیادہ جابر ہے وہ اس کی عدم موجودگی میں ۔ بچوں کے کان ان کے خلاف بھرتی ہے اور اپنی مظلومی کا رونا اپنے بچوں کے سامنے رو کر گویا اپنے خاوند کا انتقام لے رہی ہے ۔ ایسے ماحول میں جو بچے پلیں گے وہ دنیا کے اخلاق کی حفاظت نہیں کر سکتے ۔ ان کے متعلق (اللہ تعالےٰ کا یہ فرمان صادق آتا ہے ۔ ناقل) تم اپنے ہاتھوں سے اپنی اولاد کو قتل کرنیوالے ہو ۔

ایسا ہرگز نہ کرو جب تم خود اپنے ہاتھوں سے اپنی اولاد کو ختم کر رہے ہو تو دنیا کو زندہ کرنے کے دعوے کیسے کر سکتے ہو اس لئے بہت ہی اہم بات ہے کہ تمام گھروں میں ہر خاوند اپنی بیوی کے ساتھ حسن معاملگی کرے حسن معاشرت کرے اس کے جذبات کا خیال رکھے اس سے نرم کلامی کرے ۔ حضرت (بانیٔ سلسلہ ۔ ناقل) نے اس سلسلے میں بہت ہی تفصیل کے ساتھ روشنی ڈالی ہے ۔ بار بار اس موضوع پر اپنے لب بھی کھولے اور قلم بھی اٹھایا ۔ آپ کی ملفوظات میں یہ مضمون کثرت سے ملتا ہے اور آپ کی تحریروں میں بھی یہ مضمون کثرت سے ملتا ہے ۔

بچوں کے اخلاق کی حفاظت کا ذریعہ

اس لئے آج کے لئے خصوصیت سے میں نے اس حصّے کو منتخب کیا ہے کہ اپنے گھروں میں خاوند اور بیوی کے تعلقات کو درست کریں ورنہ آپ کے بچوں کے اخلاق کی کوئی حفاظت نہیں ہو سکتی حضرت (بانیٔ سلسلہ ۔ ناقل) فرماتے ہیں

"درحقیقت نکاح مرد اور عورت کے درمیان ایک معاہدہ ہے پس کوشش کرو کہ اپنے معاہدہ میں دغاباز نہ ٹھہرو ۔ اللہ تعالےٰ ..... فرماتا ہے ..... اپنی بیویوں کے ساتھ نیک سلوک کرو ۔ اپنی بیوی کے ساتھ نیک سلوک کے ساتھ زندگی بسر کرو اور حدیث میں ہے ..... تم میں سے اچھا وہ ہی ہے جو اپنی بیوی سے اچھا ہے ۔ سو روحانی اور جسمانی طور پر اپنی بیویوں سے نیکی کرو، ان کے لئے دعا کرتے رہو اور طلاق سے پرہیز کرو ۔ کیونکہ نہایت بد خدا کے نزدیک وہ شخص ہے جو طلاق دینے میں جلدی کرتا ہے جس کو خدا نے جوڑا ہے اس کو ایک گندے برتن کی طرح جلد مت توڑو۔"

پس جتنے بھی قضا میں ایسے معاملات ہیں جن کی نوبت طلاق تک پہنچتی ہے ان سب کا فرض ہے کہ وہ جائزہ لیں کہ انہوں نے کہیں اس فعل میں جلدی تو نہیں کی ۔ کیا اس حد تک صبر سے کام لیا ہے جس حد تک صبر ممکن ہے ۔ کہیں ان کی بدخلقی تو نہیں جس کے نتیجے میں نوبت طلاق تک پہنچ رہی ہے ۔ پس ہر انسان کو اپنا جائزہ لینا چاہیئے اور جیسا کہ حضرت (بانی سلسلہ ۔ ناقل) نے فرمایا ہے اور یہ آپ کا ارشاد آنحضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد پر مبنی ہے کہ بہت ہی بد خدا کے نزدیک وہ شخص ہے جو طلاق دینے میں جلدی کرتا ہے ۔ پھر آپ فرماتے ہیں ۔

"فحشاء کے سوا باقی تمام کج خلقیاں اور تلخیاں عورتوں کو برداشت کرنی چاہئیں۔"

اور فرمایا

"ہمیں تو کمال بے شرمی معلوم ہوتی ہے کہ مرد ہو کر عورت سے جنگ کریں ہم کو خدا نے مرد بنایا ہے ۔ درحقیقت ہم پر تمام نعمت ہے ۔ اس اتمام نعمت کا شکریہ یہ ہے ۔ کہ عورتوں سے لطف اور نرمی کا برتاؤ کریں"۔

اس معاملے میں مجھے اس کثرت سے شکایتیں ملتی ہیں کہ میں حیران ہوتا ہوں کہ ہمارے گھروں میں اس طرح کے آپس کے معاملات ہیں تو پھر جماعت کی ساری محنت غارت جائے گی ۔ اور اتنے بڑے انتظام بنائے جا رہے ہیں ۔ کارخانے قائم کئے جا رہے ہیں ۔ دنیا کو (دین حق ۔ ناقل) کی طرف لانے کے وہ سارے بے اثر

Digitized By Khilafat Library Rabwah

ہو جائیں گے۔

بدخلق انسان کا روحانیت سے کوئی تعلق نہیں

بدخلق انسان تو روحانیت سے کوئی علاقہ یا تعلق نہیں رکھتا اور بدخلق انسان کے متعلق یہ سوچا بھی نہیں جا سکتا کہ وہ داعی الی اللہ بنے گا یا اس کی دعوت الی اللہ میں کوئی تاثیر ہو سکتی ہے۔ بدخلقی تو خدا تعالےٰ کی صفات کے مقابل کی ایک چیز ہے۔ اسماء الحسنیٰ کے خلاف ایک شیطانی کوشش کا کام بدخلقی ہے۔ اور ان دونوں کے درمیان کوئی جوڑ نہیں۔ صفات باری تعالےٰ اور بدخلقی یہ ایسے ہی ہیں۔ جیسے رات اور دن ایک کے ہوتے ہوئے دوسرا نہیں ہو سکتا۔ اس لئے بدخلقی کرنے والے جو اپنے گھروں میں بدخلقیاں کرتے ہیں۔ اپنی بیویوں سے بدسلوکیاں کرتے ہیں۔ بات بات پر بدتمیزی کرتے ہیں۔ تحکم کی راہ اختیار کرتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ اس میں ان کی مردانگی ہے۔ چنانچہ بعض ایسی اطلاعوں کے متعلق جب میں نے اپنے طور تحقیق کرائی تو پتہ چلا کہ بعض عورتوں نے مبالغے سے کام نہیں لیا تھا۔ واقعتاً ان کے ساتھ بے چاریوں کے ساتھ روزمرہ یہی سلوک ہوتا تھا۔ بات بات پر جھڑکنا۔ بات بات پر بدتمیزی سے ان سے گفتگو کرنا۔ ان کو حکم دینا خبردار یہاں سے اُٹھ کر وہاں بیٹھو میں جو تمہیں کہتا ہوں یوں کرو۔ تمہیں یوں کرنا چاہیئے۔ وہ باتیں جو انسان اخلاق سے نرمی سے ملائمت سے کر سکتا ہے اور اپنے گھر کو خود جنت بنا سکتا ہے۔ وہ بدتمیزی اور بدخلقی سے کرنے کے نتیجے میں خود اپنے ہاتھوں سے اپنے گھروں کو جہنم بنانے والی بات بن جاتی ہے اور پھر ایسے بچے جو اپنے باپ کو دیکھ رہے ہیں جو آتے ہی گھر عذاب لے آتا ہے جس کے جانے سے گھر میں امن آتا ہے اور جس کے آنے سے گھر میں جہنم پیدا ہوتا ہے۔ وہ بچے ہرگز اس باپ کے وفادار نہیں رہ سکتے اس باپ کے فرمانبردار نہیں ہو سکتے۔ اور ایسا باپ جب ان کو نیکی کی نصیحت کرتا ہے تو ان بچوں کے دل میں اس نیکی کے خلاف ردعمل ہوتا ہے چنانچہ وہ کبھی بھی ایسی اولاد کو نیکی کی تعلیم دے نہیں سکتے۔ نیکی کے لئے ضروری ہے کہ جس شخص کو نصیحت کی جا رہی ہو اس کو نصیحت کرنے والے سے محبت ہو اور جو نصیحت کر رہا ہے اس کو اس سے محبت ہو جس کو نصیحت کر رہا ہے۔ ایک بنیادی نکتہ ہے جس کو بھلانے کے نتیجے میں کوئی بھی نصیحت کا نظام کارگر ثابت نہیں ہو سکتا۔ خدا تعالےٰ نبیوں کو چنتا ہے۔ یہ درست ہے کہ یہ ایک محبت ہے۔ ایک خدا تعالےٰ کی طرف سے ایک تحفہ ہے اور کوئی زبردستی نبوت نہیں حاصل کر سکتا۔ لیکن خدا تعالےٰ تحفے ان کو دیتا ہے جو ان تحفوں کے حقدار ہوتے ہیں۔ خدا کی نظر میں وہ حقدار ٹھہرتے ہیں۔ چنانچہ ہر نبی اپنے زمانے میں اخلاق کا بہترین نمونہ تھا اور ہر نبی اپنے زمانے میں اپنی قوم سے سب سے زیادہ محبت کرنے والا تھا۔ چنانچہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سارے عالم کا نبی اسلئے بنایا گیا کہ آپؐ سارے عالم سے محبت کرتے تھے۔ ہر انسان کا مرشد اس لئے بنایا گیا۔ ہر انسان سے آپؐ کو پیار تھا۔ رحمۃ للعالمینؐ کا لقب تمام دنیا کی الٰہی کتابوں میں کسی اور جگہ نہیں ملے گا۔ سوائے قرآن کریم میں اور یہ لقب آپؐ کو خود اللہ تعالےٰ نے عطا فرمایا۔ پس رحمت و محبت کا نصیحت سے تعلق ہے۔ ایسے والدین یعنی خاوند ہو یا بیوی ایک دوسرے سے بدتمیزی کرتے ہیں اور ایک دوسرے سے بدخلقی سے کام لیتے ہیں ان کے بچوں کے دل میں ان کی محبت ختم ہو جاتی ہے اور ان کے بچوں کے دل میں ہمیشہ باغیانہ خیال پیدا ہوتے ہیں۔ پھر جب وہ ایسے بچوں کو نصیحت کرتے ہیں تو اس نصیحت میں بدخلقی پائی جاتی ہے۔ اس نصیحت میں بھی تکبر پایا جاتا ہے اور بدتمیزی پائی جاتی ہے اور بچہ خدا تعالےٰ کے فضل کے ساتھ بہت ہی ذہین چیز ہے بچے کے متعلق یہ خیال کر لینا کہ اس کو پتہ نہیں چلتا۔ جو خیال کرتے ہیں ان کو پتہ نہیں چلتا کہ بچہ ہے کیا۔ بچے کو خدا تعالےٰ نے پوری ذہنی روشنی عطا کی ہوتی ہے اور بڑوں سے اس معاملے میں اس کو فوقیت ہے کیونکہ روشنیٔ طبع کو گناہ کمزور کر دیتے ہیں اور گناہ اس روشنیٔ طبع کو دھندلا دیتے ہیں۔ بچہ چونکہ معصوم ہوتا ہے اس لئے اس کی روشنیٔ طبع اکثر صورتوں میں بالغوں سے بڑھ کر ہوتی ہے۔ اور وہ خود جو نتیجے اخذ کرتا ہے وہ صاف اور روشن ہوتے ہیں کیونکہ بچے کے اندر معصومیت پائی جاتی ہے۔ اسی لئے سب سے زیادہ روشن ضمیر اور روشن طبع انسان خدا کے انبیاء ہوتے ہیں جو معصوم ہیں۔ معصومیت کا فطری روشنی سے گہرا تعلق ہے۔ اسلئے وہ ماں باپ جو اپنے بچوں کو اپنے سے بیوقوف سمجھ رہے ہوتے ہیں وہ بیوقوف ہیں کیونکہ بچے تو روشن ضمیر ہیں۔ وہ جو دیکھ رہے ہیں وہ پڑھ رہے ہیں ان کو پتہ لگ رہا ہے کہ گھر میں کیا ہو رہا ہے ہمارے ماں باپ کی اصل نیت کیا ہے۔ ان کی دلی تمنائیں کس طرف مائل ہیں اور یہ کیا چاہتے ہیں۔ بدی سے محبت کرنے والے ہیں یا نیکی سے محبت کرنے والے لوگ ہیں چنانچہ وہ ماں باپ جو بدخلق ہوں انکے بچے ان کی نصیحت کو نہیں قبول کرتے۔ کر سکتے ہی نہیں کیونکہ ان کی فطرت ان کو بتا دیتی ہے کہ اس بدخلق نے اپنی بڑائی کی خاطر ہمیں مجبور کرنے کی کوشش کی ہے۔ ہمیں کمزور سمجھا ہے ہمیں اپنے سے نیچے دیکھا ہے۔ اور چاہتے ہیں کہ یہ لوگ کہ ہمیں زبردستی اپنے مطابق بنائیں۔ بچے اپنی کمزوری کی وجہ سے اپنے ردعمل کو ظاہر نہیں کرتے یعنی بعض دفعہ نہیں کرتے اور بعض دفعہ پھر جب بہت زیادہ ایسے ماں باپ حد سے بڑھ جائیں تو پھر بدتمیزیاں بھی ہو جاتی ہیں اور پھر بچوں بے چاروں کو اور مار پڑتی ہے اور بعض دفعہ ان کی ہڈیاں توڑ دی جاتی ہیں۔ مار مار کے کہ ہماری بات کو نہیں مانتا۔

بچوں کے کہنا نہ ماننے کی ذمہ داری ماں باپ پر ہے

حالانکہ وہ یہ نہیں دیکھتے کہ بات نہ ماننے کی ذمہ داری ان کے والدین پر ہے۔ انہوں نے بچپن ہی سے شروع سے ہی کچھ ایسا رویہ اختیار کیا گھر میں جس کے نتیجے میں بچوں کے دلوں سے ماں باپ کا اعتماد اُٹھ گیا ماں باپ اس قابل نہیں رہے کہ وہ نصیحت کر سکیں بچے پیار و محبت سے اور خلوص کے ساتھ جو نصیحت کی جاتی ہے اس کے ساتھ بچے پیار اور خلوص کا ماحول بھی ہونا چاہیئے۔ آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ باپ نے جو نصیحت کی تھی اس میں تو سچائی تھی لیکن جو باپ سچا نہیں ہے۔ اس کی نصیحت بھی جھوٹی ہو جاتی ہے۔ جو باپ بدخلق ہے اس کی نصیحت میں بھی نیک اثر نہیں رہتا۔ کیونکہ بدخلق انسان کی نصیحت کو دوسرا شخص قبول نہیں کیا کرتا اس لئے اپنے گھروں کے معاشرے کو درست کریں اور چھوٹی چھوٹی باتوں پر تلخیاں پیدا کرنا اور حوصلے ہار بیٹھنا ذرا سی کسی کی کمزوری دیکھ کر یہ کوئی مردوں والی صفات نہیں ہیں۔

کتنے احمدی حضرت بانی سلسلہ کے ارشاد کی روشنی میں باحیا ہیں

حضرت (بانیٔ سلسلہ۔ ناقل) نے جو یہ فرمایا ہے "ہمیں تو کمال بے شرمی معلوم ہوتی ہے کہ مرد ہو کر عورت سے جنگ کریں"۔ کتنے احمدی ہیں جو اس پہلو سے باحیا شمار کئے جا سکیں اور کتنے احمدی ہیں جو اس پہلو سے بے شرم شمار کئے جا سکتے ہیں۔ اس کی تفصیل جانچنے کا تو میرے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔ نہ خطبوں میں ایسی تفصیلیں بیان کرنے کا موقع ملتا ہے لیکن ہر آدمی اپنے آپ کو اس کسوٹی پر پرکھ سکتا ہے اور آسانی سے معلوم ہو سکتا ہے کہ خدا کے نزدیک وہ بے شرموں اور بے حیاؤں میں شمار ہوگا۔ یا باحیا لوگوں میں شمار ہوگا۔ عورتوں پر بعض لوگ اتنی جلدی کرتے ہیں۔ بدتمیزی کرنے اور ہاتھ اٹھانے میں کہ حیرت ہوتی ہے اور بعض دفعہ تو مسلسل اس بے چاری کو لونڈی بنا کر یہ سمجھایا جاتا ہے تم اس لئے پیدا ہوئی ہو اور تمہیں بنایا اس خاطر گیا ہے کہ تم میری نوکری کرو اور میں تمہارے ساتھ ذلت کا سلوک کروں۔ خدا تعالےٰ نے جہاں مرد کی فضیلت کا ذکر کیا ہے۔ قرآن کریم میں وہاں اس کی ایک وجہ بھی بیان فرمائی۔ یہ نہیں فرمایا کہ وہ ویسے افضل ہے۔ فرمایا اس پہلو سے افضل کہ وہ اپنی بیوی پر خرچ کرتا ہے۔ اسکی حاجات کا خیال رکھتا ہے۔ حضرت (بانیٔ سلسلہ۔ ناقل) اس مضمون کو یوں بیان کرتے ہیں کہ گویا ایک پہلو سے مرد کو عورت کا نوکر بنا دیا وہ خدمتیں کرتا ہے۔ سارا سال محنتوں سے کام لیتا ہے۔ باہر جا کر اس لئے کہ اپنی بیوی کی ضروریات پوری کرے۔ خدمت کی فضیلت مراد ہے۔ اس راز کو (حضرت بانیٔ سلسلہ۔ ناقل) نے کھولا۔ چنانچہ آگے جا کر میں ایک اقتباس پڑھوں گا۔ اس میں آپ یہ الفاظ دیکھیں گے تو حیران رہ جائیں گے کہ اس کا مطلب کیا ہے مطلب میں نے بتا دیا ہے آپ کو۔ مطلب اس کا یہی ہے کہ جو شخص یعنی خدا تعالیٰ نے مرد کو اس لئے پیدا کیا یا اُن کے فرائض میں اس بات کو داخل کیا کہ وہ بہت محنت کرے کہ اس کی محنت کا آخری مقصود یہ ہو کہ اپنے گھر پر اپنی بیوی کے آرام پر اس کی آسائش پر اس کی خواہشات پوری کرنے پر اور اپنے بچوں کی ضروریات پوری کرنے پر اس محنت کے محاصل اس کے پھل کو خرچ کرے تو نوکری اور کیا چیز ہوا کرتی ہے۔ اور سچی نوکری میں ہی فضیلت ہے۔ چنانچہ حضرت اقدس محمد مصطفےٰ نے فرمایا (قوم کا سردار قوم کا خادم

Digitized By Khilafat Library Rabwah

ہوتا ہے۔ ناقل) خدمت کے ذریعے سعادت نصیب ہوئی۔ اس فضیلت کا قرآن کریم نے ذکر فرمایا ہے خدمت کے بجائے آپ عورت کے پیسے چھیننے شروع کر دیں اور اس کی کمائی پر نظر رکھیں۔ اور شادی کے وقت یہ غور کریں کہ فلاں عورت ڈاکٹر ہے، فلاں عورت استانی ہے وہ گھر میں آئے گی تو اس کی تنخواہیں لے کر ہم اپنی زندگی سنواریں گے۔ اپنے ماں باپ اور اپنے بہن بھائیوں پر خرچ کریں گے۔ تو نہ آپ اس کے نوکر اور نہ آپ اس کے سردار۔ آپ تو ایک لٹیرے بن جائیں گے۔ ایک ایسا تعلق قائم کریں گے جس کی خدا اجازت نہیں دیتا۔ اور انگلستان جیسے ملک میں بھی ایسی اطلاعیں ملتی ہیں کہ بعض لوگ اپنی بیویوں پر خرچ کرنے کی بجائے وہ جو حکومت کی طرف سے ان کو چھ سات پونڈ ملتے ہیں وہ بھی اُن سے چھین لیتے ہیں کہ ہمیں دو ہم انتظام چلائیں گے۔ بازار سے سبزی روٹی لے کے آئے اور سمجھا کہ ہم نے بیوی کا حق ادا کر دیا۔ بیوی کے پیسے پر نظر کی تو قرآن کریم اجازت ہی نہیں دیتا۔ سوائے اس کے کہ وہ خوشی سے اپنے شوق سے اپنے پیار اور محبت کے نتیجے میں خود دے اور اس معاملے میں عورتوں کو خدا تعالیٰ نے غیر معمولی طور پر بڑا حوصلہ عطا فرمایا ہے کہ وہ مرد جو اپنی عورتوں سے محبت کرتے ہیں۔ ان کا خیال رکھتے ہیں۔ اُن سے حسنِ خلق سے پیش آتے ہیں وہ عورتیں اپنا کچھ سمجھتی ہی نہیں پھر بے چاری جو کچھ ہے وہ کھلا اُن کے سامنے رکھ دیتی ہیں۔ اس کی سب سے عظیم الشان مثال ہمیں حضرت اقدس محمد مصطفےٰ ﷺ کے اپنے تعلقات میں نظر آتی ہے۔

حضرت خدیجہؓ بہت ہی دولت مند تھیں اور قریش کی سب سے زیادہ دولت مند وہ ہی تھیں۔ وہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق سے خوب واقف تھیں کیونکہ آپ ان کے ماتحت اُن ہی کا کام کیا کرتے تھے۔ جب شادی ہوئی ہے تو پہلی رات ہی آپ نے اپنا سب کچھ آپؐ کی خدمت میں پیش کر دیا اور اتنے کامل یقین کے ساتھ پیش کیا اتنے خلوص نیت کے ساتھ پیش کیا کہ جب حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ نے وہ سارا مال غرباء میں تقسیم کر دیا تو ایک اُف تک نہیں کی۔ کبھی شکوہ زبان پر نہ لائیں کیونکہ آپ سچی خاتون تھیں اور سچائی کے بلند ترین مقام تک پہنچی ہوئی تھیں۔ اس لئے آپ نے سچائی کو دیکھ کر ایک سچا فیصلہ کیا اور فرمایا کہ ایسا صاحب اخلاق انسان ہے کہ اس نے کبھی بھی میرے مال پر کوئی نظر نہیں کرنی۔ ایک ہی طریق ہے کہ میں اپنا سب کچھ اس کو حاضر کر دوں۔ اور رسولِ اکرم ﷺ جانتے تھے کہ یہ ایک سچی عورت ہے اگر آپؐ یہ نہ جانتے تو آپؐ کبھی یہ کارروائی نہ فرماتے۔ جو آپؐ نے وہ مال لیتے ہی آگے فرمائی اگر آپ کے دل میں ادنیٰ سا بھی شبہ ہوتا کہ ان کی نیت یہ ہے کہ میں دیتی تو ہوں مگر برابر خرچ کرنا گھر پر خرچ کرنا تو آپؐ ہرگز وہ فعل نہ کرتے جو آپؐ نے کیا عظیم الشان صداقت کی دو گواہیاں ہیں جو ازدواجی تعلقات میں اتنی روشن ہیں کہ آسمان کے ستاروں سے بڑھ کر روشنی رکھتی ہیں۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خلق اور حضرت خدیجہؓ کے خلق کو سمجھنے کے لئے یہ ایک ہی واقعہ صاحب بصیرت کے لئے کافی ہو سکتا ہے۔ آپؓ نے حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کے سامنے سب کچھ پیش کر کے نہ صرف یہ ثبوت دیا کہ آپ کے نزدیک سب سے بااخلاق اور اخلاق کے کمال تک پہنچنے والا وجود تھا بلکہ آپؐ کی صداقت کی بھی گواہی دی۔ اور اس کے علاوہ عورتوں کے لئے ایک عظیم الشان نہ صرف نمونہ قائم فرمایا بلکہ عورتوں کا سر ہمیشہ کے لئے بلند کر دیا۔ اور یہ بتایا کہ عورتیں صاحب حوصلہ ہوا کرتی ہیں۔ عورتیں چھوٹے دل کی نہیں ہوتیں۔ اگر تم چاہتے ہو کہ عورتیں تم سے حسنِ سلوک کریں تو تم اُن سے حسنِ سلوک کرو۔ اگر عورتوں کو یہ یقین ہو جائے کہ ہمارا مرد سچا ہے اور صاحبِ خلوص ہے اور پاک دل رکھتا ہے اور ہماری طرف سے سوائے ہمارے وجود کے اس کو کوئی حرص نہیں ہے تو ایسی عورتیں پھر کوئی غیریت نہیں رکھا کرتیں۔ اور حضرت خدیجہؓ نے ہمیشہ کے لئے عورتوں کو ایسا خراج تحسین پیش کیا ہے کہ اس کی مثال آپ کو دنیا میں کہیں اور دکھائی نہیں دے گی۔ پس اس نمونے کو آپ پکڑیں۔ جتنا آپ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق کے قریب ہوں گے اتنا ہی زیادہ اپنے گھروں پر اپنی بیویوں پر آپ کا نیک اثر پڑتا چلا جائے گا۔ یہاں تک کہ پھر جہاں دونوں طرف سے اعلیٰ اخلاق کا نمونہ ہو وہاں یہ غیریت مٹ جایا کرتی ہے۔ یہ سوال ہی نہیں رہا کرتا کہ کون سا مال کس کا ہے وہ دونوں یہ سمجھتے ہیں کہ دوسرے کا مال ہے۔ اور یہ ہی وہ طریق ہے جس سے گھر میں جنت پیدا ہوتی ہے۔ لیکن جیسا کہ میں نے بیان کیا ہے۔

شادی سے پہلے شروع ہونے والی بدنیتیں

ایسی شکایتیں بھی ملتی ہیں جو بعض دفعہ تحقیق کرو تو وہ شکایتیں مبالغہ آمیز بھی ہوتی ہیں لیکن بعض دفعہ سچی بھی نظر آتی ہیں اور بہت تکلیف ہوتی ہے کہ یہ کیسا مرد ہے کیسا انسان ہے کہ بجائے اس کے کہ اپنی بیوی پر خرچ کرے اس کے مال پر اس کی نگاہ ہے اور یہ جو بدنیتیں ہیں ان کا آغاز شادی سے بہت پہلے شروع ہو چکا ہوتا ہے چنانچہ ہمارے معاشرے میں یعنی ہمارے معاشرے سے مراد تیسری دنیا کے ملکوں میں اکثر مشرقی ملکوں میں بدقسمتی سے یہ برائیاں بہت زیادہ جڑ پکڑ چکی ہیں اور روزمرہ زندگی کا حصہ بنتی جا رہی ہیں۔ چنانچہ اکثر اگرچہ اللہ کے فضل سے احمدی اس بات سے پاک ہیں۔ لیکن اس کے باوجود ایسی شکایتیں آتی ہی رہتی ہیں کہ ایک عورت کسی لڑکی کو دیکھنے گئی کہ میں اپنے لڑکے کے لئے ایک خوبصورت سی بہو لانا چاہتی ہوں۔ نیک سیرت، نیک فطرت اور ساری خوبیاں ہوں۔ دیکھا اور خوشنودی کا اظہار کیا اور کہا کہ ہمیں منظور ہے۔ اب بتاؤ کہ اس کے ساتھ موٹر آئے گی تو کون سی آئے گی۔ گھر دو گے یا نہیں دو گے اور کون سی جائیداد اس کے نام لکھو گے اور کیا کیا مزید جہیز اس کے ساتھ آنے والا ہے اگر تم نے اس کو فرنیچر بنا کر دینا ہے تو اس کے بیس پچیس ہزار ہمیں کیوں نہیں دینے دیتے ہم اپنی مرضی کا بنائیں گے تمہیں کیا پتہ کہ ہماری پسند کیا ہے اس لئے ہم بہتر جانتے ہیں۔ اس لئے تم پیسے ہی دے دو۔ اور بے شرمی اور بے حیائی سے وہ پیسے قبول کرتے ہیں اور بعض دفعہ تو ایسا سخت ردِّ عمل ہوتا ہے اس چیز کا کہ ایسے ماں باپ لکھتے ہیں کہ ہماری بیٹی کا یہ ردِّ عمل ہے کہ میں کنواری رہ جاؤں گی لیکن ایسے ذلیل لوگوں کے گھر نہیں جاؤں گی۔ لیکن بعض لوگ اتنے مجبور ہو چکے ہوتے ہیں کہ ان کی بیٹیاں بڑی ہو رہی ہیں اُن کی عمریں گزر رہی ہیں کہ وہ پھر سر جھکا کر ایسی سب ذلیل اور خلافِ دینِ حق۔ ناقل) شرطوں کو قبول کر لیتے ہیں۔ لیکن نہیں جانتے کہ یہ ایک قسم کی بلیک میل ہے۔ جو پھر کبھی بھی ان کی بیٹی کا پیچھا نہیں چھوڑتیں۔ ہمیشہ یہ کمینی نظریں، یہ ذلیل نگاہیں مزید اور مزید کا مطالبہ کرتی چلی جاتی ہیں۔ اس بیٹی کو مجبور کیا جاتا ہے کہ اچھا اب فلاں چیز بھی گھر سے لا کر دو فلاں بات بھی اپنے ماں باپ سے لے کر دو ایسے لوگ احمدی نہیں ہیں۔ ان کو وہم ہے کہ وہ احمدی ہیں۔ اگر ان کو اخراجِ جماعت کی سزا نہ دی جائے تو خدا تعالیٰ کی تقدیر ان کو جماعت احمدیہ ۔ ۔ ۔ ۔ سے خارج کر چکی ہے کیونکہ جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نمونے سے دور ہے۔ اس کا (احمدی۔ ناقل) کہلانے کا حق ہی کوئی نہیں رہتا اس لئے ان باتوں کو معمولی نہ سمجھئے ان کی بیخ کنی کریں اور اگر قطعی طور پر ثابت ہو کہ ایسا واقعہ ہوا ہے تو ان کو ظاہری طور پر بھی جماعت سے خارج کر دینا چاہیئے۔ کیونکہ اب مزید ہم اس گند کو ساتھ لے کر آگے نہیں بڑھ سکتے اس کے نتیجے میں پھر ہر قسم کی بدخلقی پیدا ہوتی ہے ایسے ہی لوگ ہیں جو اپنی بیویوں سے ذلیل سلوک کرتے ہیں۔ پھر آخر ان کی بیویوں کی شرمیں بھی ٹوٹتی ہیں ان کی زبانیں بھی کھلتی ہیں۔ پھر اگلی نسل کے بچے ہمارے خراب اور برباد ہوتے ہیں۔ اتنا بڑا نقصان جماعت کیسے برداشت کر سکتی ہے اس لئے تمام امراء اس بات پر نگران ہو جائیں کہ اگر آئندہ کہیں اس قسم کی بدتمیزیاں ہوں اور بدخلقیاں ہوں اور حضرت ربانی سلسلہ۔ ناقل) کے ارشاد کے مطابق کمال بے شرمی کے ایسے نمونے دکھائے جائیں تو ان ایسے لوگوں کو بلا تاخیر جماعت سے خارج کرنے کی کارروائی کی جائے۔ پھر وہ جہاں چاہیں جائیں۔ دوسرے معاشرے میں جس قسم کے ان کے مطالبے ہیں شاید پورے ہو جائیں۔ وہاں بھی شاید ایسی باتیں چلتی ہوں لیکن احمدیت میں ہم ان باتوں کو مزید برداشت نہیں کر سکتے۔ عورتیں بھی جیسا کہ میں نے بیان کیا ہے وہ بھی اس قصور میں شریک ہیں کیونکہ اکثر مطالبوں کا آغاز ساسوں سے ہوتا ہے یعنی بیٹے کی ماں کی طرف سے اکثر یہ ہوتا ہے اور جن معاملات میں مجھے تحقیق کا موقعہ ملا ہے۔ مجھے پتہ چلا ہے کہ بسا اوقات ایسے مرد کمزور ہیں۔ جن کی بیویاں ایسے مطالبے کرتی ہیں اور اُن کے بیٹے اُن کے سو فیصدی غلام ہوتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ نیکی اسی بات میں ہے کہ ہر بات میں اطاعت کرو حالانکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اطاعت اُس حد تک فرض ہے جس حد تک خدا کی اطاعت سے تمہیں باہر نہ نکال دے۔ جہاں ماں باپ کی اطاعت تمہیں خدا کی اطاعت سے باہر نکلنے پر مجبور کرے وہاں تم نے خدا کی اطاعت کرنی ہے ماں باپ کی اطاعت نہیں کرنی یہ واضح حکم موجود ہے۔ اس کے باوجود بعض بے وقوف لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ماں کی خواہش ہے۔ ماں کی نیت ہے اس لئے چاہے وہ (دینِ حق۔ ناقل) کے خلاف ہی کیوں نہ مطالبے کرے ہم اس کے ساتھ چلیں گے اور اس کے کہنے کے نتیجے میں بعض مرد بچیوں پر ظلم کرنے والے بن جاتے ہیں تو آغاز عورت سے شروع ہوا ہے ظلم کا اور عورت پر ختم ہوا اور اس کے نتیجے میں ساری سوسائٹی پر سارے معاشرے

Digitized By Khilafat Library Rabwah

پر مظالم کی ایک نہ ختم ہونے والی داستان شروع ہو جاتی ہے۔ اس لئے بد خلقی کو اگر آپ نے روکنا ہے تو سب سے پہلے گھروں کے ماحول کو سنبھالیں۔ اور گھروں کو بد اخلاق بنانے والے جتنے بھی محرکات ہیں ان کا گلا گھونٹیں۔ ان کو جب تک آپ ختم نہیں کرتے، نیست و نابود نہیں کرتے محض ایک فرضی جہاد کے کوئی بھی معنی نہیں ہیں جہاد کا تو مطلب ہے کہ آپ جانتے ہوں کہ دشمن کہاں ہے۔ کس قسم کے ہتھیار رکھتا ہے کس قسم کی تلواریں ہیں جو توپ و تفنگ سے آپ پر حملہ آور ہیں۔ جب تک آپ دشمن کے حالات سے واقف نہ ہوں اس کی اداؤں سے واقف نہ ہوں اس کی جگہوں سے واقف نہ ہوں جہاں سے اُس نے حملہ کرنا ہے۔ اُن اوقات سے واقف نہ ہوں جہاں سے انہوں نے حملہ کرنا ہے۔ اُس وقت تک آپ دفاع کی طاقت ہی نہیں رکھ سکتے۔ یعنی کامیاب دفاع کی طاقت نہیں رکھ سکتے۔ اس لئے جب میں آپ کو کہتا ہوں کہ بدیوں کے خلاف جہاد کریں تو یہ مراد نہیں ہے کہ اُٹھ کر آپ تقریریں شروع کر دیں کہ بدیوں کے خلاف جہاد کرو۔ سمجھائیں جس طرح میں آپ کو سمجھانے کی کوشش کر رہا ہوں تجزیہ کریں جس طرح میں تجزیہ کرنے کی کوشش کر رہا ہوں۔ اور معلوم کریں کہ آپکے اپنے علاقے میں بد خلقی کے اصل محرکات کیا ہیں کیوں بعض بد خلقیاں رائج ہیں اور ان کو تجزیہ کر کے پھر ان کے خلاف باقاعدہ کارروائی کریں۔ اگر اس طرح آپ کارروائی کریں گے تو رفتہ رفتہ ہماری حالت پہلے سے درست ہوتی چلی جائے گی لیکن وقت جیسا کہ میں نے بیان کیا اگلی صدی میں داخل ہونے کا بہت تھوڑا رہ گیا ہے صرف ایک سال باقی ہے مشکل سے اور ابھی ہمیں بہت سے کام کرنے ہیں۔

بد اخلاقیوں سمیت اگلی صدی میں داخل نہ ہوں

بد اخلاقی کے ساتھ ہمیں اگلی صدی میں داخل نہیں ہونا چاہیئے۔ تمام بد اخلاقیوں کو بد رسموں کو، ان جہالتوں کو جو (دینِ حق۔ ناقل) سے پہلے کی باتیں ہیں۔ ان سب کو ہمیں اتار کر پھینک دینا چاہیئے۔ یاد رکھیں جیسا کہ میں نے شروع میں بھی کہا تھا کہ بدیاں گھروں میں پیدا ہوتی ہیں اور گھروں سے گلیوں میں نکلتی ہیں۔ گلیاں پھر شہروں کو گندا کرتی ہیں پھر وہ ملک گندا ہو جاتا ہے۔ ایسا ہی ہے جیسے گندی ٹوکری کوئی گھر سے اٹھائے اور گلی میں پھینک دے۔ ترقی یافتہ ملکوں میں گلیاں صاف کرنے کا انتظام ہوتا ہے۔ اس لئے وہاں کی حکومتیں وہاں کا بیرونی نظام اُن بدیوں کو بہت حد تک سنبھالتا ہے اور صاف کرتا ہے۔ جہاں تک اس نظام کی طاقت ہے اُن کو دُور کرتا رہتا ہے۔ اس لئے وہ اکٹھی ہو کر اتنی نمایاں نہیں دکھائی دیتیں۔ جن بدیوں کی طرف بیرونی نظر نہیں ہوتی وہ اکٹھی ہونی شروع ہو جاتی ہیں۔ ان ملکوں میں بعض بدیاں جیسا کہ میں نے بیان کیا ہے کہ وہ گھروں میں ہی پیدا ہوتی ہیں۔ گھروں سے ہی باہر پھینکی جاتی ہیں گلیوں میں لیکن انکی صفائی کا کوئی انتظام نہیں۔ اس لئے وہ جمع ہوتی رہتی ہیں۔ ظاہری گند کی صفائی کا یہاں انتظام ہے یہاں آپ دیکھیں گے ظاہری گند بہت کم دکھائی دیتا ہے۔ لیکن بعض اور قسم کی بدیاں ہیں۔ اُن کی صفائی کا بھی انتظام ہے۔ اس پہلو سے ان ملکوں میں وہ بدیاں کم دکھائی دیتیں ہیں۔ لیکن اس سے چار دے ملک کا کیا ہو گا جن کے گھروں میں بے حساب گند پیدا ہو رہا ہے۔ اور ان کی ٹوکریاں صبح و شام گلیوں میں پھینکی جاتی ہیں۔ اور وہاں کی حکومتیں اور وہاں کے معاشرے اُن کی کوئی پرواہ نہیں کرتے اور ان کی نظریں اور طرف لگی ہوئی ہیں۔ مذہبی نظام ہے، علماء کا نظام ہے۔ ان کا کام یہ ہے کہ جو گند گھروں سے باہر نکلتے ہیں وہ گلیوں میں ان کی صفائی کا انتظام کریں۔ وہ اگر صفائی کے بجائے اپنی ٹوکریاں اور اُن میں پھینک رہے ہوں تو ایسے ملک کے بچنے کا پھر کیا سوال ہے۔ پس جماعت احمدیہ کو باشعور جماعت کے طور پر ان بدیوں کے خلاف جہاد کرنا چاہیئے۔ اور اعلیٰ اخلاق کی تعلیم دینے سے پہلے اپنے گھروں کو با اخلاق بنانا چاہیئے۔ چھوٹی چھوٹی باتوں میں بھی بد خلقی کو برداشت نہ کریں۔ یعنی ان معنوں میں جس طرح (اللہ تعالیٰ۔ ناقل) نے فرمایا ہے۔ محبت اور دردمندی سے نصیحت کر کے ہر قسم کی بد خلقی کو دور کرنے کی کوشش کریں۔ آپس کی گفتگو میں ملائمت اختیار کریں۔ ایک دوسرے کی کمزوریوں کو معاف کرنا سیکھیں اور جہاں تک خدا اجازت نہیں دیتا وہاں کرنے کا آپ کو حق نہیں۔ لیکن جہاں اجازت دیتا ہے وہاں حتی المقدور معافی کا معاملہ کریں۔ اس سے (اللہ تعالیٰ نے چاہا تو۔ ناقل) ہماری معاشرہ حسین سے حسین تر ہوتا چلا جائے گا۔ حضرت (اقدس بانی سلسلہ) فرماتے ہیں عورتوں اور بچوں کے تعلقات اور معاشرت میں لوگوں نے غلطیاں کھائی ہیں اور جادۂ مستقیم سے ہٹ گئے ہیں۔ (اللہ نے کہا ہے عورتوں سے حسنِ سلوک کرو۔ ناقل) مگر اب اس کے خلاف عمل ہو رہا ہے۔ آپ اندازہ کریں کہ اگر آج سے سو سال پہلے اس کے خلاف عمل ہو رہا تھا تو اس وقت کیا ہو رہا ہو گا۔ دو قسم کے لوگ اس کے متعلق پائے جاتے ہیں۔ ایک گروہ تو ایسا ہے کہ انہوں نے عورتوں کو بالکل خلیع الرسن کر دیا ہے کہ دین کا کوئی اثر ہی اُن پر نہیں ہوتا۔ اور وہ کھلی طور پر (دینِ حق۔ ناقل) کے خلاف کرتی ہیں۔ اور کوئی اُن سے نہیں پوچھتا۔ یہ خوش خلقی نہیں ہے۔ یہ تو خودکشی ہے کہ اپنے گھروں میں جہاں خدا نے آپ کو قیم بنایا ہے۔ وہاں بدیوں کو پنپنے دیں اور پرواہ نہ کریں۔ اور پوچھیں ہی نہ کہ میں با اخلاق ہوں۔ میں اپنی عورت سے نرمی کر رہا ہوں۔ وہ جس قسم کی بے حیائیاں کرے جس قسم کی گندگی کرے۔ نماز سے غافل ہو بچوں کو نماز سے غافل رکھے۔ شریعت کی حرمتوں کا خیال نہ رکھے۔ لیکن مرد اسے کچھ نہ کہے کہ میں نرمی کر رہا ہوں اس لئے میں اس کو کچھ نہیں کہتا۔ حضرت (بانی سلسلہ۔ ناقل) فرماتے ہیں کہ یہ (دینِ حق۔ ناقل) نہیں بلکہ یہ جہالت ہے کہ عورتیں گھروں میں شریعت کی خلاف ورزیاں کر رہی ہیں۔ عورتوں میں ہر قسم کی بدیاں پھیل رہی ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ ہم نرمی کا سلوک کر رہے ہیں یہ ہرگز (دینِ حق۔ ناقل) کی تعلیم نہیں۔ پھر فرماتے ہیں کہ بعض ایسے ہیں کہ انہوں نے خلیع الرسن تو نہیں کیا۔ مگر اس کے بالمقابل ایسی سختی اور پابندی کی ہے کہ اُن میں اور حیوانوں میں کوئی فرق نہیں کیا جا سکتا۔ کنیزوں سے بھی بدتر اُن سے سلوک کیا جاتا ہے مارتے ہیں تو ایسے بے درد ہو کر کہ کچھ پتہ ہی نہیں کہ آگے کوئی جاندار ہستی ہے یا نہیں۔ غرض بہت ہی بُری طرح سلوک کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ پنجاب میں مثل مشہور ہے کہ عورت کو پاؤں کی جوتی کے ساتھ تشبیہ دیتے ہیں کہ ایک اتاری اور دوسری پہن لی۔ یہ بڑی خطرناک بات ہے اور (دینِ حق۔ ناقل) کے شعائر کے خلاف ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ساری باتوں کے کامل نمونہ ہیں۔ آپ کی زندگی میں دیکھو کہ آپ عورتوں کے ساتھ کیسی معاشرت کیا کرتے تھے۔ میرے نزدیک وہ شخص بزدل اور نامرد ہے جو عورت کے مقابلے پر کھڑا ہوتا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پاک زندگی کا مطالعہ کرو تاکہ تمہیں معلوم ہو کہ آپ کیسے خلیق تھے۔ باوجودیکہ آپ بڑے بارعب تھے۔ لیکن اگر کوئی ضعیفہ عورت بھی آپ کو کھڑا کرتی تو آپ اس وقت تک کھڑے رہتے جب تک وہ بیٹھنے کی اجازت نہ دے دیتی۔

حضرت بانی سلسلہ کی ایک یادگار نصیحت

پھر ایک رفیق کو آپ نصیحت فرماتے ہیں۔ یہ نصیحت بھی نصیحت کے مضمون میں شاہکار ہے۔ بہت ہی سخت قسم کی اطلاعیں اُن دوست کے متعلق ملیں۔ اُن کی بد خلقی کے متعلق۔ لیکن بد خلقی کا علاج بد خلقی سے نہیں کیا جا سکتا۔ نرمی اور پیار سے کس رنگ میں سمجھانا چاہیئے۔ اس کا میں نمونہ آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں۔ "حضرت سید خصیلت علی شاہ" صاحب کے نام ایک مکتوب میں حضرت (بانی سلسلہ۔ ناقل) نے تحریر فرمایا۔

"باعثِ تکلیف دہی ہے کہ میں نے بعض آپ کے سچے دوستوں کی زبانی جو درحقیقت آپ سے تعلق اخلاص اور محبت اور حسنِ ظن رکھتے ہیں۔ سنا ہے کہ امور معاشرت میں جو بیویوں اور اہلِ خانہ سے کرنی چاہیئے۔ کسی قدر آپ شدت رکھتے ہیں۔"

کیا پیارا انداز ہے۔ بیان کرنے کا اور ساتھ ہی آپ ان کی طبیعت کو سمجھ رہے تھے کہ جو جلدی غصے میں آنے والی ہے۔ کہیں وہ دوستوں سے ہی ناراض نہ ہو جائیں۔ کس نے میری شکایت کی ہے۔ تو پہلے دوستوں کا دفاع فرمایا۔ یا خود بتایا کہ میں جانتا ہوں کہ آپ سے تعلق اخلاص، محبت اور حسنِ ظن رکھتے ہیں۔ سنا ہے! امور معاشرت میں ایک اور اس سے سبق ملتا ہے کہ وہ شکایت جو دشمنوں سے پہنچتی ہے وہ لائق تعزیر نہیں ہوتی۔ اس کے نتیجے میں آپ تعزیر نہیں کر سکتے۔ لیکن جو شکایت دوستوں اور محبت کرنے والوں سے پہنچتی ہے وہ سُننے کے لائق ہے۔ وہ ایسی ہے کہ اس کی طرف توجہ دی جائے۔ فرمایا "امور معاشرت میں جو بیویوں اور اہلِ خانہ سے کی جاتی ہے۔ کسی قدر آپ شدت رکھتے ہیں" یعنی غیض و غضب کے استعمال میں بعض اوقات اعتدال کا اندازہ ملحوظ نہیں رہتا۔ کیسے زبان کو سلجھا کر لطف کے ساتھ نرمی کے ساتھ لپیٹ کر تاکہ ان کی طبیعت میں کہیں بھی تنفر پیدا نہ ہو۔ جوش پیدا نہ ہو۔ آپ نے اس پیار سے اپنے مرید کو نصیحت کی جو آپ پر ایمان لاتا تھا کہ آپ خدا کی طرف سے ہیں۔ خدا نے آپ کو مقرر کیا ہے جو آپ سے محبت

Digitized By Khilafat Library Rabwah

رکھتا ہے اس کے متعلق ایسی احتیاطیں فرما رہے ہیں۔ وہ لوگ جو اپنی نصیحت میں اپنے ہم جولیوں، اپنے ہم عمروں بلکہ اپنے سے بڑوں سے بھی بدتمیزی کرتے ہیں۔ ان کی نصیحت کیسے کارگر ہو سکتی ہے۔ پس نصیحت جب میں کہتا ہوں تو نصیحت کا نمونہ آپ کے سامنے رکھتا ہوں۔ یہ وہ طریق ہے نصیحت کرنے کا اسے اختیار کریں۔ پھر فرمایا میں نے اس شکایت کو تعجب کی نظر سے دیکھا کیونکہ اوّل تو بیان کرنے والے آپ کی تمام صفات حمیدہ کے قائل اور آپ سے دلی محبت رکھتے ہیں۔ ایک اور پہلو بھی نمایاں طور پر ہمارے سامنے رکھ دیا۔ کہ وہ لوگ جو صرف شکایتیں کرتے ہیں اُن کی باتوں کی طرف دھیان نہیں دینا چاہیئے۔ سچے لوگ وہ ہوتے ہیں جو ساتھ خوبیاں بھی بیان کرتے ہیں۔ خوبیوں سے بھی صرف نظر نہیں کرتے۔ جب وہ شکایت کرتے ہیں تو ساتھ یہ بھی ان کو خوف رہتا ہے کہ امام کا دل بدظن نہ ہو جائے۔ تو اسے نرم کرنے کے لئے کہتے ہیں کہ اس میں یہ برائی تو ہے۔ لیکن اس میں خوبیاں بھی تو ہیں اس لئے آپ ناراض نہ ہوں صرف اس برائی کو دور کرنے کی کوشش کریں۔ کیسا پاکیزہ ماحول تھا جو خدا تعالیٰ نے حضرت (بانی سلسلہ۔ ناقل) کو قائم کرنے کی توفیق بخشی۔ یہی وہ ماحول ہے جو زندہ رہنے کے قابل ہے۔ یہ ہی وہ معاشرہ ہے جس نے آئندہ دنیا کے مُردوں کو زندہ کرنا ہے۔ اس کی حفاظت آپ نے کرنی ہوگی۔ اس معاشرے کو مرنے دیا تو آپ زندگی کے پیغامبر نہیں بن سکتے۔ فرماتے ہیں اول تو بیان کرنے والے آپ کی صفاتِ حمیدہ کے قائل اور دلی محبت آپ سے رکھتے ہیں۔ اور دوسری چونکہ مردوں کو عورتوں پر ایک گونہ حکومت قسامِ ازلی نے دے رکھی ہے اور ذرا ذرا سی باتوں میں تادیب کی نیت سے یا غیرت کے تقاضے سے وہ اپنی حکومت کو استعمال کرنا چاہتے ہیں۔

عورتوں کے ساتھ حلم اور برداشت کا مظاہرہ کریں

مگر چونکہ خدا تعالیٰ اور اس کے رسول نے عورت کے ساتھ معاشرت کے بارے میں نہایت حلم اور برداشت کی تاکید کی ہے۔ اس لئے میں نے ضروری سمجھا کہ آپ جیسے رشید اور سعید کو اس تاکید سے کسی قدر آگاہ کروں۔ اللہ جل شانہٗ فرماتا ہے ..... اپنی بیویوں سے تم ایسی معاشرت کرو۔ جس میں کوئی امر خلافِ اخلاق معروفہ کے نہ ہو۔ اور کوئی وحشیانہ حرکت نہ ہو۔ بلکہ ان کو اس مسافر خانے میں اپنا ایک دلی رفیق سمجھو۔ اور احسان کے ساتھ معاشرت کرو۔ اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں ..... تم میں سے بہتر وہ انسان ہے جو بیوی سے نیکی سے پیش آوے اور حسنِ معاشرت کے لئے اس قدر تاکید ہے کہ میں اس خط میں نہیں لکھ سکتا۔ عزیز من انسان کی بیوی ایک مسکین اور ضعیف ہے جس کو خدا نے اس کے حوالے کر دیا اور وہ دیکھتا ہے کہ ہر ایک انسان اس سے کیا معاملہ کرتا ہے۔ نرمی برتنی چاہیئے۔ فرمایا بیوی تو مسکین اور ضعیف ہے۔ لیکن وہ خدا جو نظر رکھ رہا ہے۔ وہ مسکین اور ضعیف نہیں ہے۔ وہ یوں ہی نہیں چھوڑی گئی۔ بلکہ خدا تعالیٰ اس پر نظر رکھتا ہے۔ دیکھتا ہے کہ ہر ایک انسان اس سے کیا معاملہ کرتا ہے۔ نرمی برتنی چاہیئے اور ہر یک وقت دل میں خیال کرنا چاہیئے کہ میری بیوی ایک مہمان عزیز ہے جس کو خدا تعالیٰ نے میرے سپرد کیا ہے۔ اور وہ دیکھ رہا ہے کہ میں کیونکر شرائطِ مہمان داری بجالاتا ہوں اور میں ایک خدا کا بندہ ہوں اور یہ بھی ایک خدا کی بندی ہے۔ مجھے اس پر کونسی زیادتی ہے۔ خون خوار انسان نہیں بننا چاہیئے۔ اور بیویوں پر رحم کرنا چاہیئے اور ان کو دین سکھانا چاہیئے۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس لحاظ سے کوئی کمزوری انہوں نے دیکھی ہے۔ اور چونکہ وہ خود نیک تھے لیکن یہ نہیں جانتے تھے کہ نیکی کو قائم کس طرح کرنا ہے۔ اس لئے اس معاملے میں سختی کی ہے۔ تو آپ نے فرمایا ان کو دین سکھانا چاہیئے۔ درحقیقت میرا یہ ہی عقیدہ ہے کہ انسان کے اخلاق کے امتحان کا پہلا موقعہ اس کی بیوی ہے۔ میں جب کبھی اتفاقاً ایک ذرا درشتی اپنی بیوی سے کروں تو میرا بدن کانپ جاتا ہے کہ ایک شخص کو خدا تعالیٰ نے صدہا کوس سے میرے حوالے کیا ہے۔ شاید معصیت ہو گئی ہے کہ مجھ سے ایسا ہوا تب میں انکو کہتا ہوں کہ تم اپنی نماز میں میرے لئے دعا کرو کہ اگر یہ امر خلافِ مرضی حق تعالیٰ ہے تو مجھے معاف فرما دے میں بہت ڈرتا ہوں۔ ہم کسی ظالمانہ حرکت میں مبتلا نہ ہو جائیں۔ یہ ہے نمونہ حضرت (بانی سلسلہ۔ ناقل) کا اس نمونہ کو پکڑے بغیر وہ نمونہ زندہ نہیں ہو سکتا جو حضرت (بانی سلسلہ۔ ناقل) نے ..... سیکھا۔ آپ ہی کے مکتب میں یہ شاگرد بڑھا اور جوان ہوا۔ آپ ہی کے مکتب میں اس نے اخلاق کے بلند ترین مقامات تک رسائی حاصل کی .....

تحریک وقف نو میں شامل ہونیوالے بچوں کی تصاویر

ادارہ الفضل کا ارادہ ہے کہ وقف نو کی مبارک اور بابرکت تحریک پر جن احباب و خواتین نے لبیک کہتے ہوئے اپنے بچوں کو وقف کیا ہے۔ ان واقفِ زندگی بچوں کی تصاویر الفضل میں شائع کی جائیں۔ جملہ والدین سے درخواست ہے کہ وقف نو میں شامل اپنے بچوں کی پاسپورٹ سائز بلیک اینڈ وائٹ تصاویر ارسال فرمائیں۔ ہر تصویر کے پیچھے بچے کا نام ولدیت۔ مقام۔ تاریخ پیدائش ضرور لکھیں۔ (ادارہ)

مکرم محمود انور صاحب خوشنویس الفضل بلڈ پریشر کی کمی کی وجہ سے بہت بیمار ہیں۔ ان کی جلد اور کامل شفایابی کیلئے خصوصی دعائیں کریں۔

محبت سب کے لیے
نفرت کسی سے نہیں

الرؤف جیولرز

پروپرائیٹر۔ سید رؤف علی
خورشید کلاتھ مارکیٹ حیدری نارتھ ناظم آباد
کراچی فون نمبر: ۶۱۷۰۶۹

نرینہ اولاد سے محروم، بے اولاد، مرض اٹھراء کی شکار دکھیا عورتوں کے لیے

سنہ ۱۹۱۱ء سے ایک ہی نام

دواخانہ حکیم نظام جان

ہیڈ آفس: چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ پوسٹ بکس ۲۲۲ فون: ۳۹۹۷

حکیم نظام جان صاحب کے فرزند حکیم انوار احمد جان

- ہر ماہ کی ۵-۶-۷ تاریخ کو کوٹھی ۱ دارالعلوم غربی ربوہ
- ہر ماہ کی ۸ تاریخ کو بالمقابل شاہ تاج شوگر ملز منڈی بہاؤالدین
- ہر ماہ کی ۱۲ تا ۱۸ تاریخ کو ۲۔ بی روڈ شیش محل بس سٹاپ بالمقابل سندھی ہوٹل (یو بی ایل کے اوپر) لیاقت آباد ۱۹ کراچی

اور

- ہر ماہ کی ۲۵ تا ۲۸ تاریخ کو چوک جان محمد معصوم شاہ روڈ ملتان میں مطب فرماتے ہیں

ہر جگہ خواتین کیلئے معائنہ کا انتظام ہے

مینجر: دواخانہ حکیم نظام جان
اقصیٰ چوک کالج روڈ ربوہ
فون: ۵۵۸۰

Digitized By Khilafat Library Rabwah

راحت جان
تبخیر معدہ کی مجرب دوا
قیمت ۱۴/-

شربت صدر
نزلہ، زکام اور کھانسی کیلئے
قیمت ۶/-

تریاق معدہ
خرابی ہاضمہ کا موثر علاج
قیمت ۱۴/-

تریاق بواسیر
بواسیر کا شافی علاج
قیمت ۱۵/-

روشن کاجل
آنکھوں کی خوبصورتی کیلئے
قیمت ۵/-

اکسیر پائیوریا
خون اور پیپ کو روکتا ہے
قیمت ۱۰/-

ناصر دواخانہ (رجسٹرڈ)
فون ۶۳۴
گولبازار ربوہ پوسٹ بکس ۶۰۰

خارش
خشک ہو یا تر صرف تین یوم میں آرام
فون ۹۰۵
نصرت دواخانہ بالمقابل ایوان محمود ربوہ

بے بی ٹانک
Baby Tonic
پیکنگ ۹۰ ٹیبلٹس
قیمت ۸/ روپے
علاوہ ڈاک خرچ

کیور ٹو میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ ربوہ
سیلز آفس: ۷۷۱
فون: کلینک: ۶۰۶ رہائش ڈاکٹرز: ۶۰۷

رحمت میموریل فوٹو سروس
رحمت بازار۔ ربوہ
کلر فلموں کی ڈیولپنگ، پرنٹنگ اور انلارجنگ کیلئے
کم سے کم وقت ۔ تسلی بخش کام

نرینہ اولاد سے محروم ★ بے اولاد ★ اٹھراء ★ سوکھا ★ گرمی ★ گیس کا علاج کرنے والے

۱۹۱۱ء سے مصروف خدمت
مشہور دواخانہ (رجسٹرڈ)
زیر نگرانی: حکیم عبدالحمید اعوان ابن حکیم نظام جان
چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ
پوسٹ بکس ۱۹۰
فون نمبر ۷۴۸۴۴-۰۴۳۱ ۷۶۴۹۷

برانچیں
- اقصیٰ چوک (نزد لیٹر بکس) ربوہ
- چوک قلعہ کالروالہ تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ
- نزد پرانی کوتوالی حضوری باغ روڈ ملتان
پوسٹ بکس ۴۹۸
فون نمبر ۰۶۱-۳۱-۲۶
خواتین کیلئے معائنہ کا بھی معقول انتظام ہے

The Largest Processors of
Fresh Fruit Products

Fruit Juices & Squashes, Jams, Jellies, Marmalades, Pickles, Ketchup, Garden Peas, Vegetables etc.
Shezan International Limited, BUND ROAD, LAHORE.
adcom S198C15

برائے فروخت
سنہری موقعہ
محلہ دارالعلوم میں بہت ہی کم قیمت پر مکان برائے فروخت
.....رابطہ.....
احمد اسٹیٹس رجسٹرڈ
ربوہ - پاکستان
535

معیاری بیکری کا نام
رحمٰن بیکرز اقصیٰ روڈ ربوہ
فون: 330
تقریبات کیلئے آرڈر پر بھی مال تیار کیا جاتا ہے

- نظر اور دھوپ کی عینکیں ارزاں اور مناسب قیمت پر خرید فرمائیں۔
- عینکیں ڈاکٹری نسخہ کے مطابق لگائی جاتی ہیں۔
- عام مرمت مفت کی جاتی ہے۔

داؤد بھائی چشمے والے
رحمت بازار۔ ربوہ

پبلشر: مسعود احمد۔ پرنٹر: قاضی منیر احمد مطبع ضیاء الاسلام پریس ربوہ مقام اشاعت: دارالنصر غربی ربوہ قیمت: ایک روپیہ پچاس پیسے